Your products deserve a bigger audience.

Showcase your business. Connect with buyers. Explore new markets.

National SME Expo 2027 - Cluster Showcase: https://projects.smeda.org/EXPO_PORTAL/login

EXHIBITION	VENUE	APPLICATIONS CLOSE
15-17 January 2027	**Lahore Expo Centre Halls 2 & 3**	**30 November 2026 11:59 PM (Pakistan time)**

Why take part?

SMEDA is bringing together selected Micro, Small and Medium Enterprises from across Pakistan to showcase their products and services to potential customers, business partners and institutional visitors. The Expo combines a national cluster showcase with practical business networking and support.

Get noticed

Present your products and services to visitors, buyers and distributors.

Make connections

Explore domestic B2B, sourcing and supply-chain relationships.

Find support

Meet SMEDA and participating institutions for finance, trade and business guidance.

Bring your network, too. Invite your existing and potential customers, distributors and business contacts. SMEDA will provide digital promotional material for exhibitors to share.

The Expo creates opportunities; individual buyer meetings, orders, sales and contracts are not guaranteed.

Is your business eligible?

Operational Micro, Small and Medium Enterprises from across Pakistan may apply. Eligible activities include manufacturing, production, processing, assembly, craftsmanship, local value addition, ICT and digital services, tourism and other productive or service activities.

Yes - producers and service businesses	No - pure trading businesses
You may apply even if you sell the products you make directly to customers. There is no minimum business-age requirement.	Businesses engaged purely in trading, retailing, distribution, import or resale of finished goods are not eligible.

Simple self-declaration. You declare your enterprise size as Micro, Small or Medium. Annual-sales figures and turnover documents are not required for this classification. The Principal Applicant's CNIC is mandatory; NTN is optional.

What exhibition space will you receive?

MICRO ENTERPRISE	SMALL / MEDIUM
Compact Micro Stall	**Standard SME Stall**
Approx. 6 x 6 ft	Approx. 10 x 10 ft
PKR 10,000	**PKR 20,000**
Up to 50 Micro exhibitors	Up to 150 Small/Medium exhibitors combined

Both formats include the prescribed basic furnishing, lighting, branding and display arrangements for the assigned category. A limited number of selected Small/Medium furniture exhibitors may receive larger open-display spaces if approved by SMEDA.

Choose your size carefully. Your self-declared category determines which stall type you may be considered for. Do not select Micro merely because of a lower fee or potential participation support. Applicants cannot choose their stall location or demand a larger stall later.

The exhibitor figures are maximum planning capacities, not application limits or guaranteed selections.

How will your application be assessed?

Eligible applications are evaluated on merit, considering the contribution to Pakistan's SME cluster showcase, suitability for exhibition, potential for business and market linkages, and the value addition or distinctiveness of the products or services.

Your application is your showcase

Provide a clear company introduction, accurate product/service descriptions and photographs that properly represent what your enterprise offers. Include a catalogue or supporting material if available - professionally designed promotional material is not mandatory.

No additional material will be sought for the purpose of evaluation. Review every section and image before submitting; do not assume revisions will be possible afterwards.

Selection is subject to merit and the approved capacity arrangements. Applying - or meeting basic eligibility requirements - does not guarantee a place at the Expo.

Is participation support available?

PKR 45,000

Targeted support for eligible selected exhibitors

Available to a selected Micro enterprise outside Lahore, or to a selected Women Enterprise outside Lahore (both the Principal Applicant and Lead Expo Representative must be female).

Important exclusions. No enterprise located in Lahore qualifies for this support. An enterprise meeting both Micro and Women Enterprise conditions receives one contribution only.

Three-day attendance is essential

All exhibitors must operate their stalls on 15, 16 and 17 January 2027. At least one of the enterprise's two registered representatives must be present at the stall on each day; the representatives may alternate.

For eligible exhibitors, support is released only after participation is verified and the prescribed SMEDA administrative and financial procedures are completed.

Participation support is separate from the mandatory participation fee, is not deducted from that fee, and is not guaranteed by applying or declaring Micro status.

Ready to apply?

Apply through the official SMEDA Expo Portal Closing date: 30 November 2026, 11:59 PM (Pakistan Standard Time)	NO APPLICATION FEE

01	**Get your details ready** Keep your enterprise profile, business activity, cluster/sub-cluster, contact details and product information and pictures at hand.
02	**Complete the online form** Provide accurate descriptions and clear product/service photographs. Add catalogues where available.
03	**Review before submitting** Check all details and uploaded material carefully. You should not assume that later revision will be possible.
04	**Watch for updates** Use an active email address and check your registered inbox and the Expo Portal for notices or a provisional offer.

What happens if you are provisionally selected?

Your offer will state the assigned stall category, fee and exact deadlines. You must accept the offer and submit Pay Order details/proof within seven SMEDA working days of issue. If proof was submitted in time, the original Pay Order may reach the designated receiving office within three additional SMEDA working days after that deadline.

Pay Order in favour of: Small & Medium Enterprises Development Authority

Payment proof alone does not confirm your place. Participation is confirmed only after SMEDA Finance verifies the original Pay Order.

Your commitment as an exhibitor

Nominate two representatives and keep at least one registered representative at your stall on each of the three exhibition days. Bring your products, samples and promotional material; arrange your own travel, lodging and exhibit transport; and follow the prescribed stall and venue requirements.

Confirmed exhibitors will receive further instructions on badges, stall setup, exhibit handling and daily operating arrangements.

Showcase what you make. Share what you do. Connect with new opportunities.

SMEDA

قومی ایس ایم ای ایکسپو ۲۰۲۷

کلسٹر شوکیس

نمائش کنندگان کے لئے معلوماتی کتابچہ

National SME Expo 2027 - Cluster Showcase

نمائش کی تاریخیں	مقام	درخواست کی آخری تاریخ
۱۵ تا ۱۷ جنوری ۲۰۲۷	لاہور ایکسپو سینٹر	۳۰ نومبر ۲۰۲۶

ہال نمبر ۲ اور ۳، لاہور ایکسپو سینٹر

درخواست کی آخری تاریخ: ۳۰ نومبر ۲۰۲۶، رات ۱۱ بج کر ۵۹ منٹ (پاکستانی وقت)

پاکستانی کاروبار، نئے روابط اور وسیع تر مواقع

مصنوعات کی نمائش • خریداروں سے رابطے • کاروباری معاونت

۱ ایکسپو کا تعارف

سمال اینڈ میڈیم انٹرپرائزز ڈویلپمنٹ اتھارٹی (سمیڈا) پاکستان کے کاروباری اداروں کی مصنوعات، صلاحیتوں اور تنوع کو اجاگر کرنے کے لیے قومی ایس ایم ای ایکسپو ۲۰۲۷ – کلسٹر شوکیس منعقد کر رہی ہے۔ اس تین روزہ نمائش میں ملک بھر سے منتخب مائیکرو، چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروباری اداروں کو اپنی مصنوعات اور خدمات پیش کرنے، نئے کاروباری مواقع تلاش کرنے اور خریداروں، ممکنہ کاروباری شراکت داروں اور معاون اداروں سے روابط قائم کرنے کا موقع ملے گا۔

ایکسپو میں پیداواری، روایتی، صارفین کی مصنوعات، ٹیکنالوجی اور خدمات سے متعلق مختلف کاروباری کلسٹرز کی نمائندگی ہوگی۔ اس کے ساتھ کاروباری روابط اور رہنمائی کی سہولتیں بھی دستیاب ہوں گی۔

۲ نمائش کنندگان کے لیے کاروباری مواقع

نمائش میں شریک ادارے اپنی مصنوعات اور خدمات ممکنہ خریداروں، ڈسٹری بیوٹرز، ریٹیلرز، بڑی کمپنیوں اور ادارہ جاتی خریداروں، کاروباری شراکت داروں اور عام شہریوں کے سامنے پیش کر سکیں گے۔ کاروبار سے کاروبار روابط (بی ٹو بی) کے لیے ایک مخصوص سہولت کاری مرکز بھی ہوگا، جہاں نمائش کنندگان اور دلچسپی رکھنے والے کاروباری اداروں کے درمیان رابطوں میں مدد دی جائے گی۔

نمائش کنندگان کو متعلقہ سرکاری اداروں، بینکوں اور مالیاتی اداروں، تجارت و برآمدات میں سہولت فراہم کرنے والی تنظیموں، ترقیاتی شراکت داروں اور دیگر کاروباری معاونت کے اداروں سے بھی رابطے کا موقع ملے گا۔ سفارتی اور تجارتی نمائندوں سے ملاقاتیں بین الاقوامی منڈیوں سے واقفیت اور مستقبل کے کاروباری روابط کے امکانات بڑھا سکتی ہیں۔

سمیڈا اپنے خصوصی پویلین کے ذریعے کاروباری ترقی کی خدمات اور ایس ایم ایز کے لیے دستیاب دیگر معاون اقدامات سے متعلق معلومات اور رہنمائی فراہم کرے گا۔ ایکسپو کا مقصد بامعنی کاروباری مواقع پیدا کرنا ہے، تاہم کسی مخصوص ملاقات، فروخت، معاہدے یا کاروباری نتیجے کی ضمانت نہیں دی جا سکتی۔

مزید کاروباری مواقع

نمائش کنندگان کی حوصلہ افزائی کی جاتی ہے کہ وہ اپنے موجودہ اور ممکنہ گاہکوں، ڈسٹری بیوٹرز، سپلائرز اور دیگر کاروباری رابطوں کو بھی ایکسپو میں آنے کی دعوت دیں۔ سمیڈا مشترکہ ڈیجیٹل تشہیری مواد فراہم کرے گا جسے شریک ادارے اپنے کاروباری نیٹ ورکس اور سوشل میڈیا کے ذریعے شیئر کر سکیں گے۔

۳ کون درخواست دے سکتا ہے؟

پاکستان بھر میں فعال مائیکرو، چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروباری ادارے درخواست دے سکتے ہیں، بشرطیکہ وہ مصنوعات کی تیاری، پیداوار، پراسیسنگ، اسمبلنگ، دستکاری، مقامی قدر میں اضافے، آئی سی ٹی اور ڈیجیٹل خدمات، سیاحت یا دیگر اہل پیداواری و خدماتی سرگرمیوں سے وابستہ ہوں۔ کاروبار کے قیام کے بعد کسی کم از کم مدت کی شرط نہیں ہے۔

وہ ادارے بھی درخواست دینے کے اہل ہیں جو اپنی تیار کردہ مصنوعات خود صارفین کو فروخت کرتے ہیں۔ تاہم صرف تیار شدہ اشیا کی خرید و فروخت، ریٹیل، ڈسٹری بیوشن، درآمد یا دوبارہ فروخت کرنے والے کاروبار شرکت کے اہل نہیں ہیں۔

درخواست گزار اپنے کاروبار کا حجم مائیکرو، اسمال یا میڈیم کے طور پر خود ظاہر کریں گے۔ اس درجہ بندی کے لیے سالانہ فروخت کی تفصیل یا ٹرن اوور کے ثبوت درکار نہیں۔ مرکزی درخواست گزار کا قومی شناختی کارڈ (سی این آئی سی) لازمی ہے، جبکہ نیشنل ٹیکس نمبر (این ٹی این) دینا اختیاری ہے۔

پاکستان کے تمام علاقوں سے درخواستیں کا خیرمقدم کیا جائے گا ۔ حتمی انتخاب منظور شدہ جانچ اور انتخاب کے طریقۂ کار کے مطابق ہوگا۔

درخواست دینے سے پہلے اہم باتیں

اہل نہیں	اہل سرگرمیاں
صرف تیار شدہ اشیا کی تجارت، درآمد یا دوبارہ فروخت	مصنوعات کی تیاری، مقامی قدر میں اضافہ اور اہل خدماتی سرگرمیاں

۴ نمائش کی سہولتیں اور شرکت کی فیس

منتخب اداروں کو ان کے لیے مختص اسٹال کے زمرے کے مطابق جگہ اور بنیادی سہولتیں فراہم کی جائیں گی۔ اسٹال کے اندازاً سائز اور شرکت کی فیس درج ذیل ہیں:





اسٹال کے سائز کا وضاحتی تقابل — حتمی نقشہ یا منظور شدہ ڈیزائن نہیں

کاروبار کا زمرہ	اسٹال کا اندازاً سائز	شرکت کی فیس
مائیکرو	کمپیکٹ اسٹال: ٦ × ٦ فٹ	۱۰،۰۰۰ روپے
اسمال	سٹنڈرڈ اسٹال: ۱۰ × ۱۰ فٹ	۲۰،۰۰۰ روپے
میڈیم	سٹنڈرڈ اسٹال: ۱۰ × ۱۰ فٹ	۲۰،۰۰۰ روپے

منتخب مائیکرو اداروں کو نسبتاً چھوٹے کمپیکٹ اسٹال ملیں گے، جبکہ اسمال اور میڈیم اداروں کو عموماً بڑے معیاری اسٹال فراہم کیے جائیں گے۔ فرنیچر کے منتخب کاروباری اداروں میں سے محدود تعداد کو خصوصی منظوری کے بعد کھلی نمائش کے لیے بڑی جگہ بھی دی جا سکتی ہے۔

اسٹال میں متعلقہ زمرے کے مطابق بنیادی فرنیچر، روشنی، برانڈنگ اور مصنوعات کی نمائش کی سہولتیں شامل ہوں گی۔ اسٹال کی قسم اور جگہ کا تعین سمیڈا کرے گا۔ درخواست گزار خود اسٹال کا سائز یا مقام منتخب نہیں کر سکیں گے۔

کاروبار کا زمرہ ظاہر کرتے وقت اپنے ادارے کی نوعیت، حجم اور نمائش کی ضروریات کو مدنظر رکھیں۔ صرف کم شرکت فیس یا ممکنہ مالی معاونت کی وجہ سے کوئی زمرہ منتخب نہ کریں۔

نمائش کنندگان کی زیادہ سے زیادہ گنجائش

ایکسپو میں زیادہ سے زیادہ ۲۰۰ کاروباری اداروں کی شرکت کی گنجائش رکھی گئی ہے، جن میں مائیکرو اداروں کے لیے زیادہ سے زیادہ ۵۰ اور اسمال/میڈیم اداروں کے لیے مجموعی طور پر زیادہ سے زیادہ ۱۵۰ جگہیں شامل ہیں۔ یہ بالائی حدیں ہیں، منتخب ہونے کی ضمانت نہیں۔

۵ شرکت کے لیے معاونت

۴۵،۰۰۰ روپے

فی اہل منتخب ادارہ (لاہور سے باہر)

لاہور سے باہر واقع منتخب اور اہل مائیکرو اداروں اور خواتین کے کاروباری اداروں کی شرکت میں سہولت کے لیے سمیڈا فی ادارہ ۴۵،۰۰۰ روپے کی معاونت فراہم کرے گا۔

لاہور سے باہر واقع منتخب مائیکرو ادارہ اس معاونت کا اہل ہو سکتا ہے۔ لاہور سے باہر واقع اسمال اور میڈیم ادارے بھی اہل ہو سکتے ہیں، بشرطیکہ مرکزی درخواست گزار اور ایکسپو کا مرکزی نمائندہ، دونوں خواتین ہوں۔ اگر کسی ادارے پر مائیکرو اور خواتین کے کاروباری دونوں شرائط پوری ہوتی ہوں، تب بھی معاونت صرف ایک مرتبہ ملے گی۔

لاہور میں واقع کاروباری ادارے اس معاونت کے اہل نہیں ہوں گے، خواہ ان کا حجم کچھ بھی ہو یا وہ خواتین کے کاروباری ادارے کی شرط پوری کرتے ہوں۔

یہ معاونت شرکت کی مقررہ فیس سے الگ ہے اور اسے فیس میں منہا یا ایڈجسٹ نہیں کیا جا سکتا۔ محض درخواست دینے یا کاروبار کا حجم مائیکرو ظاہر کرنے سے معاونت کا حق پیدا نہیں ہوتا۔

معاونت حاصل کرنے کے لیے ضروری ہے کہ منتخب اور اہل ادارہ نمائش کے تینوں دن شرکت کرے، اور اس کے دو رجسٹرڈ نمائندوں میں سے کم از کم ایک نمائندہ ہر روز اسٹال پر موجود ہو۔ دونوں نمائندے مختلف دنوں میں باری باری موجود رہ سکتے ہیں۔ معاونت کی ادائیگی حاضری کی تصدیق اور سمیڈا کے مقررہ انتظامی و مالی طریقۂ کار کی تکمیل کے بعد ہوگی۔

٦ درخواستوں کی جانچ اور نمائش کنندگان کا انتخاب

اہل درخواستوں کا جائزہ میرٹ کی بنیاد پر لیا جائے گا۔ اس میں پاکستان کے مختلف ایس ایم ای کلسٹرز کی نمائندگی میں ادارے کا کردار، اس کی مصنوعات یا خدمات کی نمائش کے لیے موزونیت، نئے کاروباری اور منڈی کے روابط قائم کرنے کے امکانات، اور مصنوعات یا خدمات میں قدر کے اضافے اور امتیازی خصوصیات کو مدنظر رکھا جائے گا۔

نمائش کے لیے موزونیت	**کلسٹر کی نمائندگی**
مصنوعات و خدمات کی مؤثرپیش کش	پاکستانی مصنوعات اور کاروباری تنوع
قدر میں اضافہ	**کاروباری روابط**
مصنوعات کی امتیازی خصوصیات	نئی منڈیوں اور خریداروں سے رابطے

جانچ کے لیے آن لائن درخواست کے ساتھ فراہم کی گئی معلومات اور مواد کو بنیاد بنایا جائے گا، خصوصاً مصنوعات یا خدمات کی تفصیل، تصاویر اور جمع کرائے گئے پروڈکٹ کیٹلاگز کو۔ جانچ کے مقصد سے بعد میں کوئی اضافی مواد طلب نہیں کیا جائے گا۔ اس لیے درخواست گزار تمام معلومات مکمل اور دیکھ بھال کر فراہم کریں، اور ایسی واضح اور درست تصاویر لگائیں جو ان کی مصنوعات، خدمات اور کاروباری صلاحیتوں کی مناسب نمائندگی کرتی ہوں۔پیشہ ورانہ انداز میں تیار کردہ تشہیری مواد لازمی نہیں ہے۔

حتمی انتخاب میرٹ، منظور شدہ انتخابی طریقۂ کار اور دستیاب نمائش گنجائش کے مطابق ہوگا۔ صرف درخواست جمع کرانے سے انتخاب کی ضمانت نہیں ملتی۔

ابتدائی پیشکش اور شرکت کی توثیق

ابتدائی طور پر منتخب اداروں کو شرکت کی پیشکش موصول ہوگی جس میں مختص اسٹال کا زمرہ، شرکت کی فیس، پیشکش قبول کرنے کی آخری تاریخ اور ادائیگی کی ہدایات درج ہوں گی۔ مقررہ فیس پے آرڈر کے ذریعے ادا کرنا ہوگی، جو درج ذیل نام پر بنوایا جائے گا:

Small & Medium Enterprises Development Authority

درخواست گزار کے پیشکش قبول کرنے اور سمیڈا کے مالیاتی شعبے کی جانب سے پے آرڈر کی تصدیق کے بعد ہی شرکت کی حتمی توثیق ہوگی۔

۷ نمائش کنندگان کی ذمہ داریاں

منتخب نمائش کنندگان کے لیے ۱۵ تا ۱۷ جنوری ۲۰۲۷، تینوں دن شرکت کرنا لازمی ہوگا۔ ہر تصدیق شدہ ادارہ اپنے دو نمائندوں کے نام دے گا، اور ہر روز اس کے مختص اسٹال پر کم از کم ایک رجسٹرڈ نمائندے کی موجودگی ضروری ہوگی۔

تین دن کی شرکت — روزانہ کم از کم ایک رجسٹرڈ نمائندہ

نمائش کنندگان اپنی مصنوعات، نمونے اور متعلقہ تشہیری مواد خود لائیں گے اور ان کی نمائش کا انتظام کریں گے۔ سفر، رہائش اور نمائش کی اشیا کی مقامِ نمائش تک آمدورفت اور واپسی کے انتظامات بھی انہی کی ذمہ داری ہوں گے۔ انہیں اپنے اسٹال کی دیکھ بھال کرنا ہوگی اور نمائش و مقامِ نمائش کے مقررہ قواعد کی پابندی کرنا ہوگی۔ سمیڈا مختص اسٹال کے زمرے کے مطابق منظور شدہ انفراسٹرکچر اور سہولتیں فراہم کرے گا۔

۷ درخواست دینے کی رہنمائی اور اہم ہدایات

۳۰ نومبر ۲۰۲۶

درخواست کی آخری تاریخ • رات ۱۱ بج کر ۵۹ منٹ (پاکستانی وقت)

خواہش مند کاروباری ادارے سرکاری سمیڈا ایکسپو پورٹل کے ذریعے اپنی درخواستیں ۳۰ نومبر ۲۰۲۶ کو رات ۱۱ بج کر ۵۹ منٹ (پاکستانی وقت) سے پہلے جمع کرائیں۔ درخواست دینے کی کوئی فیس نہیں ہے۔

درخواست کے تمام ضروری خانے احتیاط سے مکمل کریں، خاص طور پر ادارے کا تعارف، کاروباری سرگرمی، کلسٹر اور ذیلی کلسٹر، مصنوعات یا خدمات کی تفصیل اور تصاویر۔ درخواست حتمی طور پر جمع کرانے سے پہلے تمام معلومات اور منسلک مواد دوبارہ دیکھ لیں۔ یہ فرض نہ کریں کہ جمع کرانے کے بعد ترمیم کا موقع ضرور ملے گا۔

حتمی جمع کرانے سے پہلے یہ معلومات دیکھ لیں

ادارے کا تعارف • کاروباری سرگرمی • کلسٹر • مصنوعات کی تفصیل • تصاویر

درخواست گزار درست اور فعال ای میل پتہ فراہم کریں اور درخواست کی صورتِ حال، اطلاع ناموں اور آئندہ ہدایات کے لیے اپنی رجسٹرڈ ای میل اور ایکسپو پورٹل باقاعدگی سے چیک کرتے رہیں۔

اسٹال کی تیاری، نمائش کی اشیا کے انتظام، شناختی بیجز، نمائش کے اوقات اور دیگر عملی امور کی تفصیلی ہدایات تصدیق شدہ نمائش کنندگان کو علیحدہ فراہم کی جائیں گی۔

درخواست: آفیشل سمیڈا ایکسپو پورٹل

https://projects.smeda.org/EXPO_PORTAL/login

درخواست جمع کروانے کی کوئی فیس نہیں ہے۔